# آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنگز کی چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان سے ملاقات

12 دسمبر 2023

- سینٹ میں تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن بھی ملاقات میں شریک
- سینئر آسٹریلوی سفارتکار میری رابرٹسن بھی موجود
- ملکی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، دوطرفہ امور اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر تفصیلی تبادلۂ خیال
- پاکستان میں عام انتخابات کے ماحول، سیاسی جماعتوں کیلئے انتخاب میں شرکت کے مواقع اور انتخابات کے ملکی ترقی و خوشحالی پر اثرات پر بھی گفتگو
- انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن کے دستوری فرائض اور زمینی صورتحال کی مختلف جہتوں پر بھی بات چیت
- تحریک انصاف کے انٹراپارٹی انتخابات اور "بلّے" کے انتخابی نشان کے حوالے سے الیکشن کمیشن میں جاری کارروائی بھی زیرِ بحث آئی
- ملک میں انسانی حقوق کی بدترین پامالیوں کی جاری لہر خصوصاً خواتین سیاسی کارکنان کیخلاف ماورائے آہین و قانون اقدامات کے قابلِ مذمت سلسلے پر بھی گفتگو

- صاف شفاف انتخابات کے نتیجے میں وجود پذیر ہونے والی عوامی مینڈیٹ کی حامل حکومت کی افادیت اور ضرورت کے مختلف پہلوؤں پر بھی بات چیت
- آسٹریلوی ہائی کمشنر کی جانب سے ملک میں جمہوریت کے بقا و تسلسل، آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور inclusive الیکشنز اور بنیادی انسانی حقوق کے احترام و تحفّظ کے حوالے سے آسٹریلوی حکومت کے مؤقف کا اعادہ

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ